اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

نیک اَعمال کی ترغیبات کا مدَنی گلدستہ

ٹیچرز کی طرف سے اِسٹوڈنٹس کو دلائی جانی والی ترغیبات

فیضان آن لائن اکیڈمی دعوتِ اسلامی
www.QuranTeacher.net
UAN+92313-9292-992

فہرست

پہلے اِسے پڑھ لیجیے!

- ہر ہفتے اور بدھ کو درس حسبِ ضرورت مختصر کر کے درس کے بقیہ وقت میں آخری مہینے کا کارکردگی فارم ملاحظہ فرماتے ہوئے اسٹوڈنٹس کو ان کی کمزور کارکردگی والے نیک اعمال کی ترغیب دیجیے۔
- ترغیبات میں لفظ "اسلامی بھائی "استعمال کیا گیا ہے۔اساتذہ کرام اسے اسٹوڈنٹس کے مطابق تبدیل فرما کر اسٹوڈنٹس کے نام کے ساتھ استعمال فرمائیے۔مثلاً اسٹوڈنٹ' احمد نامی چھوٹا بچہ ہے تو "اسلامی بھائی" کی جگہ "پیارے احمد بیٹا" یا" پیارے بیٹا احمد "استعمال ہوگا۔
- حسبِ حال اسٹوڈنٹکو دعوتِ اسلامی کے مختلف ڈپارٹمنٹس کا ایڈریس اور کانٹیکٹ نمبر اسی طرح ترغیب سے متعلقہ دعوتِ اسلامی کی موبائل/کمپیوٹر ایپلیکیشن اور متعلقہ ویب سائیٹ کا لنک بھی سینڈ فرمائیے۔ نیز یہ لنکس دیگر افراد کو شیر کرنے کا بھی ذہن دیجیے۔ لنکس ترغیبات کے آخر میں موجود ہیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی برانچز کے ایڈریس اور کانٹیکٹ نمبرز درج ذیل لنک پر موجود ہیں۔
- ترغیب آہستگی کے ساتھ سمجھانے والے انداز میں دیجیے۔عبارت دیکھ کر پڑھنے والا انداز اپنانے سے احتراز فرمائیے۔
- ایک عنوان کے تحت تین تین ترغیبات درج کی گئی ہیں۔سو ترغیب بدل بدل کر دیجیے۔
- اگر ایک بار ترغیب دلانے سے اسٹوڈنٹ عمل نہ کر سکے تو دوبارہ اُسی کام کی دوسری ترغیب دلائیے اور شروع میں یہ جملہ بھی استعمال فرمائیے۔
- ترغیب کو ترغیب ہی رکھیے۔ کوئی بھی ایسا لفظ یا انداز استعمال کرنے سے احتراز فرمائیے جس سے فورس کرنے کا تاثر اُبھرتا ہو۔
- دعوتِ اسلامی کی اصطلاحات سے ناواقف اسٹوڈنٹس کو ترغیب سے قبل اصطلاحات /نیک اعمال کا تعارف ضرور کروا دیجیے۔
- حسبِ حال میں یہ بھی کہ دیجیے کہ ہمیں معنٰی پر نظر رکھتے ہوئے "اِنْ شاءَ اللہ تعالٰی" کہنے کی عادت بنانی چاہیے "اِنْ شاءَ اللہ تعالٰی" کا معنی ہے" اگر اللہ تعالٰی نے چاہا تو" اور واقعی اللہ تعالٰی کے چاہے بغیر ہم کچھ نہیں کر سکتے۔(غیبت کی تباہ کاریاں ص۳۶۰)

کارکردگی لینے کے لیے مجوزہ جملے

کارکردگی	جملہ
اسٹوڈنٹ کی انفرادی کوشش سے کتنے اسلامی بھائیوں تک مدَنی چینل دیکھنے کی دعوت پہنچی؟	پیارے اسلامی بھائی! آپ نے نیت کی تھی کہ روزانہ مدَنی چینل کی دعوت دوں گا تو یہ بتائیے کہ اس ماہ آپ نے کتنوں کو اِس کی دعوت دینے کی سعادت حاصل کی؟
اسٹوڈنٹ کی انفرادی کوشش سے کتنے اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع میں شریک ہوئے؟	یہ بتائیے کہ اس ماہ میں آپ نے کتنے اسلامی بھائیوں کو ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کروائی؟
اسٹوڈنٹ کی انفرادی کوشش سے کتنے اسلامی بھائی مدَنی قافلے کے مسافر بنے؟	پیارے اسلامی بھائی! کیا آپ نے اس ماہ دیگر اسلامی بھائیوں کے مدنی قافلے میں سفر کروایا؟ اگر ہاں تو کتنے اسلامی بھائیوں کو؟
اسٹوڈنٹ کی انفرادی کوشش سے کتنے اسلامی بھائیوں تک نیک اعمال کا رسالہ جمع کروایا؟	تو اس ماہ آپ کتنے افراد سے نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانے میں کامیاب ہو سکے؟
اسٹوڈنٹ روزانہ اپنے گھر میں درس دیتے یا سنتے ہیں؟	اچھا پیارے اسلامی بھائی! اس ماہ آپ نے گھر میں مہینے کے اکثر دن درس دے یا سن سکے یا نہیں؟
اسٹوڈنٹ روزانہ ایک گھنٹہ ۱۲ منٹ مدَنی چینل دیکھتے ہیں؟	کیا اس ماہ کے اکثر دنوں میں آپ نے روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ بارہ منٹ مدَنی چینل دیکھنے کی سعادت حاصل کر سکے؟
کیا اسٹوڈنٹ ہر ہفتے ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کرتے ہیں؟	کیا اس مہینے آپ خود ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرتے رہے اور رات اعتکاف کی سعادت بھی ملتی رہی؟
کیا اسٹوڈنٹ ہر ہفتے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کرتے ہیں؟	اچھا پیارے اسلامی بھائی! یہ بتائیے کہ گزشتہ ماہ میں کتنے ہفتے آپ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شریک ہو سکے؟
کیا اسٹوڈنٹ ہر ہفتے پیر شریف کا روزہ رکھتے ہیں؟	پیارے اسلامی بھائی! کیا اس مہینے کتنے پیر شریف کا روزہ رکھنے کی سعادت حاصل کر سکے؟
اس ماہ اسٹوڈنٹ نے جدول کے مطابق مدَنی قافلے میں سفر کیا؟	کیا اس ماہ آپ نے مدَنی قافلے میں شرکت کی سعادت حاصل کی؟
اس ماہ اسٹوڈنٹ نے نیک اعمال کا رسالہ جمع کروایا؟	پیارے اسلامی بھائی! کیا اس ماہ آپ نے نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانے کی سعادت حاصل کی؟

مدَنی چینل دکھانے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! مدَنی چینل دنیا کا ایک ایسا انقلابی چینل ہے جسے دیکھنے کی برکت سے بہت سے لوگ علم دین کی عظیم نعمت سے سرفراز ہو رہے ہیں بہت سے غیر مسلم بھی مسلمان ہو چکے ہیں۔ تو یقیناً ہمارے دعوت دینے سے اگر کسی نے مدَنی چینل دیکھا اور بے نمازی تھا نمازی بن گیا یا سنتوں کا پابند ہو گیا تو ہمارے لیے عظیم صدقہ جاریہ کا سبب بنے گا۔ تو آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ روزانہ کم از کم 1 اسلامی بھائی کو مدَنی چینل دیکھنے کی دعوت ضرور دوں گا۔ کہیے "اِنْ شاء اللہ تعالیٰ"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! حدیث شریف میں آتا ہے کہ: کسی کو نیکی کی دعوت دینا اور برائی سے منع کرنا صدقہ ہے۔

(الترغیب والترھیب، کتاب الادب، باب فی اماطۃ الاذی عن الطریق، رقم ٦ ج ٣ ص ٣٧٧)

تو خود مدَنی چینل دیکھنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی اس کی دعوت دیتے رہیے۔ گھر والوں کو بھی دعوت دیجیے اور دیگر دوستوں کو بھی اس کی دعوت دیتے رہیے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خوب برکتیں عطا فرمائے۔ فون پر گفتگو ہو یا کسی سے ملاقات سب کو نیکی کی دعوت دیتے ہوئے حسبِ حال "دیکھتے رہیے مدَنی چینل" کا جملہ استعمال فرماتے رہا کیجیے۔

مدَنی چینل کیلیے جو ساتھ دے عطار کا

اُس پہ ہو رحمت خدا کی اور کرم سرکار کا

تو نیت فرمالیجیے کہ روزانہ کم از کم 1 اسلامی بھائی کو مدَنی چینل دیکھنے کی دعوت ضرور دیں گے۔ کہیے "اِنْ شاءاللہ تعالیٰ"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی !الحمدللہ تعالی مدَنی چینل لاکھوں لوگوں کی اصلاح کا ذریعہ بن رہاہے۔ مدَنی چینل دیکھنے کی برکت سے ہزاروں بے عمل لوگ نیکیاں کرنے اور نیکی کی دعوت دینے والے بن رہے ہیں۔ کتنے ہی بے نمازی ، نمازی بن چکے ہیں۔ بہت سے لوگ گناہوں سے تائب ہو کر سنتوں کے پابند بن گئے ہیں۔ماں باپ کے نافرمان ، ماں باپ کا ادب کرنے لگے ہیں۔آپ بھی اس نیکی کی دعوت میں حصہ ملایئے اور اپنے گھر میں اور باہَر ہر جگہ مدَنی چینل کی دعوت کو عام فرمایئے۔اللہ تعالی آپکو دونوں جہاں کی بھلائیاں عطافرمائے۔تو نیت فرمالیجیے کہ روزانہ کم از کم 1 اسلامی بھائی کو مدَنی چینل دیکھنے کی دعوت ضرور دوں گا۔ کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کر کے لنک کاپی کر سکتے ہیں۔

مدنی چینل دعوتِ اسلامی ویب سائیٹ	مدنی چینل کی فریکوئینسز
مدنی چینل آفیشل ویب سائیٹ	مدنی چینل ریڈیو-اینڈرائیڈ ایپلیکیشن
ویڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن	آڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن

ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کروانے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! نیکی کی دعوت کے بہت زیادہ فضائل ہیں۔ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا : "اللہ پاک کے ذکر اور نیکی کی دعوت کے علاوہ انسان کی ہر بات کے بارے میں اس سے پوچھا جائے گا۔'' (الترمذی ، کتاب الزھد ، رقم الحدیث۲۴۲۰، ج۴، ص۱۸۵)

الحمدللہ تعالی دعوتِ اسلامی کے تحت کئی ملکوں کے بہت سے شہروں میں ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع ہوتا ہے۔الحمدللہ تعالی کسی کو دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں آنے کا کہنا بھی نیکی کی دعوت ہے۔آیئے نیت کرتے ہیں کہ روزانہ کم از کم 2 اسلامی بھائیوں کو نیکی کی دعوت دیتے ہوئے ہفتہ وار اجتماع کے لیے تیار کرنے کی کوشش کیا کریں گے کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی برکت سے سینکڑوں ہزاروں لوگوں کے چوری'جھوٹ' دھوکہ بازی اور دیگر بُرے کام چھوڑ کر نیک نمازی بن جانے کی خبریں ملتی رہتی ہیں آپ بھی نیکی کی دعوت دیتے ہوئے زیادہ سے زیادہ اسلامی بھائیوں کو اِس اجتماع میں شرکت کی دعوت دیا کیجیے۔نیکی کی دعوت کے فضائل کے تو کیا کہنے ! آیئے ایک فضیلت سنتے ہیں۔حضرت سیدنا کعب الاحبار رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ ''جنت الفردوس خاص اُس شخص کے لیے ہے جو نیکی کی دعوت دے اور برائی سے منع کرے۔'' (تنبیہ المغترّین ص۲۹۰ دارالبشائر بیروت) سبحان اللہ تعالی۔۔۔سو ہم بھی نیت کرتے ہیں کہ روزانہ کم از کم 2 اسلامی بھائیوں کو نیکی کی دعوت دیتے ہوئے ہفتہ وار اجتماع کے لیے تیار کرنے کی کوشش کیا کریں گے کہیے ان شاءاللہ تعالی

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول (Islamic Environment) سے اٹیچ یعنی جڑے رہیے ۔خود بھی ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کرتے رہیے اور دوسروں کو بھی ترغیب دیتے رہیے۔اگر کوئی ہماری دعوت سے اِس اجتماع میں شریک ہو کر نیک نمازی بن گیا تو ہمارے لیے بہت بڑی کامیابی ہو گی۔پیارے اسلامی بھائی قیامت کے دن سورج صرف

ایک میل دور ہو گا اور کہیں بھی سایا نہیں ہو گا۔ لیکن بعض لوگ وہ ہوں گے جن کو اللہ پاک اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا۔ اللہ پاک کا ارشاد ہے: "جس نے **بھلائی** کا حکم دیا اور **بُرائی** سے منع کیا اور لوگوں کو میری اِطاعت کی طرف بلایا قیامت کے دن میرے عرش کے سائے میں ہو گا"۔(حِلْیَۃُ الْاولیاء ج۶ ص۳۶ رقم۷۷۱۶)

آیئے نیت کرتے ہیں کہ روزانہ کم از کم 2 اسلامی بھائیوں کو نیکی کی دعوت دیتے ہوئے ہفتہ وار اجتماع کے لیے تیار کرنے کی کوشش کیا کریں گے اِنْ شاءَ اللہ **تعالیٰ**"

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔
ہفتہ وار اجتماع کی لوکیشنز

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔	
مدنی چینل دعوتِ اسلامی ویب سائیٹ	مدنی چینل کی فریکوئینسز
مدنی چینل آفیشل ویب سائیٹ	مدنی چینل ریڈیو-اینڈرائیڈ ایپلیکیشن
ویڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن	آڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن

مدَنی قافلے میں سفر کروانے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:-

پیارے اسلامی بھائی ! الحمدللہ تعالی دعوتِ اسلامی تبلیغِ قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے۔ دعوتِ اسلامی کا ایک اہم دینی کام مدَنی قافلوں میں سفر کرنا اور کروانا بھی ہے۔الحمدللہ تعالی دعوتِ اسلامی کے تحت تین دن' بارہ دن' ایک ماہ اور بارہ ماہ کے مدَنی قافلے سفر کرتے رہتے ہیں۔آپ سے بھی درخواست ہے کہ نیکی کی دعوت کی عظیم سنت کو ادا کرتے ہوئے مدَنی قافلے کی دعوت کی خوب دھوم مچایئے۔اللہ پاک آپکو جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔تو نیت فرما لیجیے کہ ہر ماہ خود مدَنی قافلے میں سفر کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی سفر کے لیے ترغیب دیں گے۔کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:-

پیارے اسلامی بھائی ! حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ پاک سے عرض کیا'' یااللہ پاک ! جو اپنے بھائی کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے تو اس کا انعام کیا ہے ؟'' اللہ پاک نے ارشاد فرمایا،''میں اس کی ہر بات پر ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھتا ہوں اور اسے جہنم کی سزا دینے میں مجھے حیا آتی ہے۔'' (مکاشفۃ القلوب، باب فی الامر والمعروف ،ص۴۸) یعنی اللہ پاک ایسے شخص کو جہنم میں نہیں ڈالے گا۔اس فضیلت کو حاصل کرنے کے لیے خود مدَنی قافلوں کا مسافر بننے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی دعوت دینی چاہیے۔

توآیئے نیت فرما لیجیے کہ ہر ماہ خود مدَنی قافلے میں سفر کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی مدَنی قافلے میں سفر کے لیے تیار کرنے کی کوشش کروں گا۔کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! ہمارے پیارے مرشدِ کریم امیرِ ہل سنت فرماتے ہیں کہ دعوتِ اسلامی کی بقامدَنی قافلوں میں ہے۔اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ اپنے دوستوں ٫رشتہ داروں اور دیگر اسلامی بھائیوں کو مدَنی قافلے میں سفر کرنے کی دعوت دیتے رہیے۔آپ کی انفرادی کوشش سے جتنے بھی سفر کریں گےاِنْ شاءاللہ تعالی سب کے مجموعے کے برابر آپ کو بھی اِس کا ثواب ملے گا۔ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ''جس نے ہدایت وبھلائی کی دعوت دی تواسے اِس بھلائی کی پیروی کرنے والوں کے برابر ثواب ملے گااوران کے اجر میں کوئی کمی واقع نہ ہوگی۔ (صحیح مسلم،کتاب العلم، باب من سن حسنۃ الخ،ص۱۴۳۸،رقم:۲۶۷۴)

توآیئے آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ ہر ماہ خود مدَنی قافلے میں سفر کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی مدَنی قافلے میں سفر کے لیے تیار کرنے کی کوشش کروں گا ۔کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔

مدَنی قافلہ اینڈرائیڈ ایپ

نیک اعمال کی دعوت دینے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! ! ہمارے پیارے مرشدِ کریم امیرِ اہلِ سنت نے فتنوں کے اس دور میں آسانی سے نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل شریعت و طریقت کا رسالہ یعنی Book Let " 72 نیک اعمال "کے نام سے سوالات کی صورت میں عطافرمایا ہے۔ اس رسالے کو پُر یعنی فل کرنے سے بہت فوائد حاصل ہوتے ہیں۔آپ سے مدَنی التجا ہے کہ اپنے گھر والوں ، رشتے داروں اور دیگر اسلامی بھائیوں کو نیک اعمال کا رسالہ یعنی Book Letپُر یعنی فل کر کے جمع کروانے کی ترغیب دلایئے اور دنیاوآخرت کی بھلائیاں پایئے۔ نیت فرمالیجیے کہ خود بھی نیک اعمال پر عمل کریں گے اور دوسروں کو بھی دعوت دیں گے کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! ہمارے پیارے مرشدِ کریم امیرِ اہلِ سنت نے ہمیں "نیک اعمال " نام کا ایک رسالہ یعنی Book Let عطافرمایا ہے اُسے روزانہ پُر کرنے کی برکت سے نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔اِس لیے اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اور آپ کے گھر والے ، پڑوسی ، رشتہ دار اور تمام مسلمان نیک بن جائیں تو نیک اعمال کی سب کو خوب دعوت دیجیے اور سب کو ذہن دیجیے کہ روزانہ اِس کے خانے پُر کریں اور ہر مدَنی ماہ کے آغاز میں پُرانا رسالہ یعنی Book Let جمع کرواکر نیا حاصل کیجیے۔اللہ پاک آپ کو دونوں جہانوں کی بھلائیاں عطا فرمائے آمین۔ تو آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ خود بھی نیک اعمال پر عمل کریں گے اور دوسروں کو بھی دعوت دیں گے کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! کسی کو نیکی کے راستے پر لانے کی کوشش کرنا بہت بڑے ثواب کا ذریعہ ہے۔اللہ پاک پارہ 4 ، سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 104 میں ارشاد فرماتا ہے۔ترجمہ کنزالایمان : "اور تم میں ایک گروہ (یعنی گروپ) ایسا ہونا چاہیے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بری سے منع کریں اور یہی لوگ مراد کو پہنچے "۔(یعنی کامیاب ہوئے۔)

مدَنی التجا ہے کہ آپ بھی پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی امت کی اصلاح کے پاکیزہ جذبے سے نیکؑ اعمال کی دعوت دیتے رہیے۔ اللہ تعالی آپ کو دونوں جہانوں کی بھلائیاں عطا فرمائے۔ نیت فرمالیجیے کہ خود بھی نیک اعمال پر عمل کریں گے اور دوسروں کو بھی دعوت دیں گے کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔

نیک اعمال ایپ ایپل / آئی فون

نیک اعمال ایپ اینڈرائیڈ

نیک اعمال رسالہ خریدنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی ویب سائیٹ اور برانچز کا پتا

مکتبۃ المدینہ ای سٹور اینڈرائیڈ ایپ

گھر درس دینے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! یقیناً ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے گھر میں بھی دینی ماحول (Islamic Environment) پیدا ہو جائے اور ہمارے گھر والے بھی نمازی اور سنتوں کے پابند بن جائیں۔ ہمارے پیارے مرشدِ کریم امیرِ اہلِ سنت نے ہمیں گھر درس دینے والا دینی کام یعنی گھر میں شارٹ اسلامک اسپیچ کرنے کی اسلامک ایکٹی وِٹی عطا فرمائی ہے۔الحمدللہ تعالی جس گھر میں کتاب فیضانِ سنت سے درس شروع ہو جاتا ہے اُس گھر میں دینی ماحول (Islamic Environment) بننا شروع ہو جاتا ہے۔آپ بھی نیت فرما لیجیے کہ اب سے آپ بھی گھر درس دیا یا سنا کریں گے کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! اپنے گھر والوں کی اصلاح کرنا انتہائی ضروری ہے۔انھیں گناہوں سے بچا کر نیکی کی طرف لانا ہمارا بہت اہم فریضہ یعنی Important Duty ہے۔اِس کا حکم تو ہمیں خود قرآنِ مجید دے رہا ہے۔اللہ پاک پارہ 28 سورۃ التحریم کی آیت نمبر 6 میں ارشاد فرماتا ہے ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن (Fuel) آدمی اور پتھر ہیں۔اس لیے اپنے گھر والوں کی اصلاح کے ارادے سے آپ بھی نیت کر لیجیے کہ اب سے اپنے گھر میں درس دیا یا سنا کریں گے کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! ہمیں سب سے پہلے اپنے گھر والوں کی اصلاح کی کوشش کرنی چاہیے۔ کیوں کہ گھروں سے سوسائٹی ،سوسائٹی سے شہر اور شہروں سے ملک بنتا ہے اور ملکوں سے پوری دنیا۔ اگر ہم پوری دنیا کی اصلاح کا مدنی ذہن رکھتے ہیں تو ہمیں ابتدا اپنی ذات اور پھر اپنے گھر سے کرنی چاہیے ۔اِس کا انتہائی آسان اور موثر (Effective) ذریعہ گھر میں درس دینا بھی ہے۔ چند منٹ کے درس کے بہت سے فوائد (Benefits) ہیں۔آپ بھی نیت کر لیجیے کہ اب سے درس دیا یا سنا کریں گے کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

مسجد، چوک یا آفس وغیرہ میں درس دینے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! آپ سے مدنی التجا ہے کہ آپ بھی درس دیا کریں یہ بھی ایک نیکی کی دعوت ہے۔ اس سے نالج میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ نیکی کی دعوت کا ثواب بھی ملے گا ۔آیئے نیکی کی دعوت کی فضیلت سنتے ہیں۔ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: '' تمہارا کسی کو قرآن پاک کی ایک آیت سکھانے کے لیے جانا تمہارے لیے سو رکعتیں ادا کرنے سے بہتر ہے اور تمہارا کسی کو علم کا ایک باب یعنی Chapter سکھانے کے لیے جانا خواہ اس پر عمل کیا جائے یا نہ کیا جائے تمہارے لیے ہزار رکعتیں ادا کرنے سے بہتر ہے۔'' (سنن ابن ماجہ، کتاب السنۃ، باب فضل من تعلم القرآن وعلمہ، رقم ۲۱۹، ج۱، ص ۱۴۲)

توآپ بھی نیت فرما لیجیے کہ روزانہ مسجد' گھر' بازار یا جہاں سہولت ہو درس دیا یا سنا کریں گے کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! بے شک درس فیضان سنت دینا یا سننا بہت بڑی سعادت ہے۔آپ بھی کوشش فرما کر اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ منٹ نکال کر روزانہ درس دیا کیجیے۔آیئے آپ کو اس کی فضیلت سناتا ہوں۔ حضرت موسی علیہ السلام نے اللہ پاک سے عرض کیا، '' یا اللہ تعالی! جو اپنے بھائی کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے تو اس کا انعام کیا ہے؟'' اللہ پاک نے ارشاد فرمایا، '' میں اس کی ہر بات پر ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھتا ہوں اور اسے جہنم کی سزا دینے میں مجھے حیا آتی ہے۔'' (مکاشفۃ القلوب، باب فی الامر والمعروف، ص ۴۸) یعنی اللہ پاک ایسے شخص کو جہنم میں نہیں ڈالے گا۔

آپ بھی نیت فرما لیجیے کہ روزانہ مسجد' گھر' بازار یا جہاں سہولت ہو درس دیا یا سنا کریں گے کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! آپ سے مدنی التجاہے کہ آپ بھی کوشش فرمائیے اور روزانہ گھر، مسجد، بازار یا جہاں آپ کے لیے آسانی ہو فیضانِ سنت سے درس شروع کرکے اس کی برکتیں حاصل کیجیے۔ اس سے علم میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ عمل کا جذبہ پیدا ہوگا۔ غوث پاک رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ میں علم دین کا درس لیتا رہا یہاں تک کہ مقام قطبیت پر فائز ہوگیا۔ قطبیت اللہ پاک کی دوستی کا ایک بہت بڑا مرتبہ یعنی Rank ہے۔
تو پیارے اسلامی بھائی! آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ روزانہ مسجد، گھر، بازار یا جہاں سہولت ہو درس دیا یا سنا کریں گے کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔

فیضانِ سنت خریدنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی ویب سائیٹ اور برانچز کا پتا

آن لائن خریداری کے لیے مکتبۃ المدینہ ای سٹور اینڈرائیڈ ایپ

مدَنی چینل دیکھنے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! الحمدللہ تعالی مدَنی چینل دنیا کا ایک ایسا چینل ہے جِس میں ایک سیکنڈ کے لیے بھی نہ کوئی بے پردہ عورت آتی ہے، نہ میوزک ہے اور نہ ہی کوئی ایڈورٹائز منٹ آتی ہے۔ یہ ایسا چینل ہے جس کو اگر کوئی دس منٹ بھی دیکھ لے وہ بھی علم کی کئی باتیں سیکھ لیتا ہے۔ سو آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ اور نہیں تو روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ بارہ منٹ مدَنی چینل دیکھنے کی ضرور کوشش کریں گے کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! اللہ پاک کے کرم سے مدَنی چینل ایسا چینل ہے جسے دیکھنے کی برکت سے جہاں بے عمل مسلمان باعمل بن رہے ہیں وہیں غیر مسلم، اسلام بھی قبول کر رہے ہیں۔

مدَنی چینل کی مہم ہے نفس و شیطاں کے خلاف

جو بھی دیکھے گا کرے گا اِنْ شاءَ اللہ تعالی اعتراف

تو ہم کیوں اِس کی برکتوں کو حاصل نہ کریں۔ آیئے پکی نیت کرتے ہیں کہ اب سے روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ بارہ منٹ مدَنی چینل دیکھا کریں گے۔ اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی! یہ اللہ تعالی کا احسان ہے کہ اُس نے اِس فتنوں والے دور میں آسانی کے ساتھ علم و عمل سیکھنے کے لیے ہمیں دعوتِ اسلامی اور مدَنی چینل جیسی عظیم نعمت عطا فرمائی۔ یقیناً مدَنی چینل ایک ایسا چینل ہے کہ جس کو اچھی اچھی نیتوں سے دیکھنا بھی عبادت ہے۔ الحمدللہ تعالی ہمارے مرشدِ کریم امیرِ اہلِ سنت نے ہمیں روزانہ ایک گھنٹہ بارہ منٹ مدَنی چینل دیکھنے کا دینی کام عطا فرمایا ہے۔ آپ بھی نیت کر لیجیے کہ روزانہ ایک گھنٹہ بارہ منٹ مدَنی چینل دیکھا کروں گا کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کر کے لنک کاپی کر سکتے ہیں۔

مدنی چینل دعوتِ اسلامی ویب سائیٹ	مدنی چینل کی فریکوئینسز
مدنی چینل آفیشل ویب سائیٹ	مدنی چینل ریڈیو-اینڈرائیڈ ایپلیکیشن
ویڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن	آڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن

ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کرنے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! الحمدللہ تعالی دعوتِ اسلامی تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے دعوتِ اسلامی کے تحت ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع (Islamic Gathering) کئی ملکوں کے مختلف شہروں ہوتے ہیں جس میں شرکت کی برکت سے لاکھوں مسلمانوں کے دلوں میں مدَنی انقلاب برپا ہو چکاہے۔ آپ سے بھی مدَنی التجاہے کہ آپ بھی اپنے قیمتی وقت میں سے چند گھنٹے نکال کر اِس ہفتہ وار اجتماع میں شرکت فرمائیں کہ اجتماع میں علمِ دین بھی سیکھنے کو ملتاہے اور عمل کا جذبہ بھی بڑھتاہے۔چنانچہ حضرتِ سیدنا ابودَرْدَاء رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہ وسلّم کو فرماتے ہوئے سناکہ ''جو علم کی تلاش میں کسی راستے پر چلتاہے،اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کاراستہ آسان فرمادیتاہے اور بے شک فرشتے طالب العلم کے عمل سے خوش ہو کر اس کے لیے اپنے پر بچھادیتے ہیں۔''

(سنن ابن ماجہ، کتاب السنۃ، باب فضل العلماء الخ، رقم ۲۲۳، ج۱، ص ۱۴۵)

نیت فرمالیجیے کہ ہر ہفتے اِس سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کیا کریں گے کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔اگر مدنی مرکز میں جاکر شرکت نہ کر سکیں تو مدنی چینل پر لائیو اجتماع میں شرکت ضرور فرمالیاکیجیے۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی !الحمدللہ دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے ہفتہ وار اجتماعات کی جہاں بے شمار برکتیں ہیں وہیں علمِ دین کا بھی خزانہ ہاتھ آتا ہے اور نیک لوگوں کی صحبت (Company) ملتی ہے۔اچھے لوگوں کی صحبت میں برکت ہوا کرتی ہے۔مکتبۃ المدینہ کی پبلشڈ کتاب "اچھے ماحول کی برکتیں" میں لکھاہے کہ اچھے مصاحب (پاس بیٹھنے والے) کی مثال مشک Muskوالے جیسی ہے اگر تجھے اس سے کچھ نہ ملے تب بھی خوشبو پہنچے گی اور بُرے مصاحب کی مثال بھٹی والے Stoker کی طرح ہے اگر تجھے (اس کی بھٹی Furnace کی) سیاہی نہ بھی پہنچے پھر بھی اس کا دھواں Smoke تو پہنچے گا۔

(سنن ابی داود، کتاب الادب، باب من یؤمر ان یجالس، الحدیث ۴۸۲۹، ج۴، ص ۳۴۰)

نیت فرما لیجیے کہ ہر ہفتے اِس سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کیا کریں گے کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔ اگر مدنی مرکز میں جاکر شرکت نہ کر سکیں تو مدنی چینل پر لائیو اجتماع میں شرکت ضرور فرمالیا کیجیے۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! نیکوں کی صحبت Company دنیا وآخرت میں کامیاب بنا دیتی ہے۔ جہاں نیک لوگوں کا ذکر ہو وہاں رحمت نازل ہوتی ہے۔ تو جہاں نیک لوگ خود موجود ہوں وہاں اللہ پاک کی کتنی زیادہ رحمت ہوتی ہوگی۔ الحمدللہ تعالی ! قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع (Islamic Gathering) میں ہزاروں مسلمان شرکت کرتے ہیں۔ جہاں 40 نیک مسلمان جمع ہوں وہاں اللہ پاک کا ایک ولی ضرور ہوتا ہے۔ نیک لوگوں کی صحبت Company پانے کے لیے اپنے اپنے شہر میں ہونے والے دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں ضرور شرکت کرنی چاہئے ۔ تو آپ بھی نیت فرما لیجیے کہ ہر ہفتے اِس سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کیا کریں گے کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔ اگر مدنی مرکز میں جاکر شرکت نہ کر سکیں تو مدنی چینل پر لائیو اجتماع میں شرکت ضرور فرمالیا کیجیے۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔
ہفتہ وار اجتماع کی لوکیشنز

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔	
مدنی چینل دعوتِ اسلامی ویب سائیٹ	مدنی چینل کی فریکوئینسز
مدنی چینل آفیشل ویب سائیٹ	مدنی چینل ریڈیو-اینڈرائیڈ ایپلیکیشن
ویڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن	آڈیو مدنی چینل آئی فون ایپلیکیشن

علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! اللہ تعالی کا خاص کرم ہے کہ اس نے ہمیں پیارے آقا ﷺ کی امت میں پیدا فرمایا۔اِس اُمت کو یہ عظیم الشان منصب عطا کیا گیا ہے کہ نیکی کی دعوت دیں اور برائی سے منع کریں چنانچہ حضرت موسی علیہ السلام نے اللہ پاک سے عرض کیا''یااللہ تعالی ! جو اپنے بھائی کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے تو اس کا انعام کیا ہے ؟''اللہ پاک نے فرمایا،''میں اس کی ہر بات پر ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھتا ہوں اور اسے جہنم کی سزا دینے میں مجھے حیا آتی ہے۔'' (مکاشفۃ القلوب، باب فی الامر والمعروف،ص۴۸)

یعنی اللہ پاک ایسے شخص کو جہنم میں نہیں ڈالے گا۔آپ بھی نیت فرمالیں کہ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کروں گا کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! اللہ تعالی ہر چاہت پر قادر ہے وہ ہر گز کسی کا محتاج نہیں اس نے اپنی قدرت کاملہ سے اس دنیا کو بنایا اور طرح طرح سے سجایا اور پھر اس میں انسانوں کو بسایا اور انسانوں کی اصلاح کے لیے پہلے دیگر انبیا کرام علیھم الصلوۃ والسلام کو اور آخر میں اپنے حبیب ﷺ کو اس دنیا میں بھیجا ۔آپ ﷺ آخری نبی ہیں۔آپ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے بعد یہ اہم کام امت کی ذمہ داری ہے کہ خود ہی آپس میں ایک دوسرے کی اصلاح کرتے رہیں اور نیکی کی دعوت کے اس اہم فریضہ کو سرانجام دیں اور یوں ہی رہتی دنیا تک ہر مسلمان اپنی اپنی جگہ مبلغ ہے۔ جہاں بھی ہو اسے چاہیے کہ نیکی کی دعوت کو عام کرتا رہے تو آپ بھی نیت فرمالیں کہ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کریں گے۔ کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! نیکی کی دعوت دینا دینِ اسلام کی نہایت ہی اہم عبادت ہے۔ **حضرتِ** سیِّدُنا کعبُ الاحبار رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عنہ کا اِرشَاد ہے: "**جنت الفردوس** خاص اُس شخص کے لیے ہے جو اَمْرِبِالْمَعْرُوْف وَنَھْی عَنِ الْمُنْکَر (یعنی نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع) کرے۔" (تَنبِیہُ الْمُغتَرِّین ص ۲۳۶)

لہٰذا آپ بھی نیت فرما لیجیے کہ ہفتے میں کم از کم ایک بار علاقائی دورہ برائے میں شرکت کرتے ہوئے نیکی کی دعوت دوں گا کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کر کے لنک کاپی کر سکتے ہیں۔

علاقائی دورہ برائے نیکی دعوت کے بارے تفصیلی معلومات کے لیے کتاب نیک بننے اور بنانے کے نسخے

مکتبۃ المدینہ کی برانچز کی لوکیشن کتاب حاصل کرنے کے لیے

کتاب کی آن لائن خریداری کے لیے مکتبۃ المدینہ کی ویب سائیٹ

پیر شریف کا روزہ رکھنے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! پیر شریف (Monday) بہت بابرکت دِن ہوتا ہے ۔اس دن روزہ رکھنا بڑی سعادت کی بات ہے۔اس دن روزہ رکھنا سنت بھی ہے حضرتِ سَیِّدَتُنا عائِشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رِوایَت فرماتی ہیں کہ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم پیر اور جُمعرات کو خیال کرکے روزہ رکھتے تھے۔ (ترمذی شریف ج ۲ ص ۱۸۶ حدیث ۷۴۵)

حضرتِ سَیِّدُنا ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے پیر شریف کے روزے کی وجہ (Reason) معلوم کی گئ تو ارشاد فرمایا: "اِسی میں میری وِلادت ہوئی، اسی میں مجھ پر (پہلی) وَحی (Revelation) نازِل ہوئی۔ (صحیح مسلم ص ۵۹۱ حدیث ۱۱۶۲)

توآپ بھی نیت فرمالیجیے کہ سنت پر عمل کرتے ہوئے ہر پیر شریف کا ورنہ جس دن سہولت ہو روزہ رکھ کر اِس کی برکتیں حاصل کروں گا۔کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! الحمدللہ تعالی بہت سے عاشقانِ رسول ﷺ پیر شریف Monday کا روزہ رکھ کر سرکار ﷺ کا یومِ ولادت Birth Day مناتے ہیں ہمارے مرشدِ کریم امیرِ اہلِ سنت بھی اس کی ترغیب دلاتے ہیں توآپ بھی کوشش فرمائیں اور نیت فرمالیجیے کہ سنت پر عمل کرتے ہوئے ہر پیر شریف کا ورنہ جس دن سہولت ہو روزہ رکھ کر اِس کی برکتیں حاصل کریں گے۔

کہیے اِنْ شاءاللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! اللہ تعالی کی رضا کے لیے نفلی روزہ رکھنے کی بے شمار برکتیں ہیں۔ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے ایک نفلی روزہ رکھا اللہ پاک اُس کے لیے جنّت میں ایک دَرَخْت لگائے گا جس کا پھل اَنار (pomegranate) سے چھوٹا اور سَیب (Apple) سے بڑا ہوگا۔وہ شہد (Honey) کی طرح میٹھا اور خوش ذائقہ (Delicious) ہو گا۔اللہ پاک قیامت کے دن روزہ دار کو اس دَرَخْت کا پھل کھِلائے گا۔

(طبرانی کبیر ج۱۸ص۳۶۶ حدیث ۹۳۵)

آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ سنت پر عمل کرتے ہوئے ہر پیر شریف کا ورنہ جس دن سہولت ہو روزہ رکھ کر اِس کی برکتیں حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔ کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالیٰ"۔

مدَنی قافلے میں سفر کرنے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! امیرِ اہلسنت برکاتہم العالیہ نے ہمیں مدَنی مقصد (Madani Aim) عطا فرمایا ہے کہ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے اِنْ شاءَ اللہ تعالی۔ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کا نہایت مؤثر (Effective) طریقہ عاشقانِ رسول کے ساتھ سنتوں بھرا سفر (Traveling) بھی ہے۔اِن مدَنی قافلوں کی برکت سے نہ صرف نیکی کی دعوت عام ہوتی ہے بلکہ مسجدیں بھی آباد ہوتی ہیں مسجدوں کو آباد کرنے کی بھی بڑی فضیلت ہے چنانچہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جو قوم کتاب اللہ کی تلاوت کے لیے اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہو اور ایک دوسرے کے ساتھ درس کا تکرار (Repeat) کرے تو اُن پر (i) سکینہ (Peace) نازل ہوتا ہے (ii) رحمت انھیں ڈھانپ لیتی ہے یعنی (Cover) کرلیتی ہے۔(iii) فرشتے ان کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔(iv) اور اللہ پاک ان کا ذکر فرشتوں کے سامنے فرماتا ہے۔'' (صحیح مسلم ج اص ۳۴۵ قدیمی کتب خانہ کراچی)

تو آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ اِن فضیلتوں کو پانے کے لیے میں بھی ہر مہینے میں کم از کم 3 دن کے مدَنی قافلے میں سفر کروں گا کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالیٰ"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! آخرت کی تیاری کی سوچ حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کا دینی ماحول (Islamic Environment) بھی ہے۔ پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی سنّتیں سیکھنے اور سکھانے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مدَنی قافلے دنیا بھر کے مختلف ملکوں اور شہروں میں سفر کرتے رہتے ہیں۔ آپ سے بھی مدَنی التجا ہے کہ آپ بھی مدَنی قافلوں میں سفر فرمایا کیجیے۔ اِنْ شاءَ اللہ تعالی بہت سی دینی اور دنیاوی برکتیں نصیب ہوں گی۔
تو نیت فرمالیجیے کہ اِن برکتوں کو پانے کیلیے میں بھی ہر مہینے میں کم از کم 3 دن کے مدَنی قافلے میں سفر کروں گا کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی سنّتیں سیکھنے اور سکھانے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مدَنی قافلے دنیا بھر کے ملکوں، شہروں اور علاقوں میں سفر کرتے رہتے ہیں۔
الحمد للہ مدَنی قافلے میں سفر کرنے ہمیں اپنی زندگی کے انداز پر سوچنے کا موقع ملتا ہے اور آخرت کی تیاری کا ذہن ملتا ہے۔ مدَنی قافلے میں دعائیں قبول اور مشکلات دور ہوتی ہیں۔
تو آپ بھی نیت فرمالیجیے کہ اِن برکتوں کو پانے کیلیے میں بھی ہر مہینے میں کم از کم 3 دن کے مدَنی قافلے میں سفر کروں گا کہیے اِنْ شاء اللہ تعالی"۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کرکے لنک کاپی کرسکتے ہیں۔

مدَنی قافلہ اینڈرائیڈ ایپ

نیک اعمال کا رسالہ جمع کروانے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا: آخِرت کے بارے گھڑی بھر غور و فکر کرنا ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ (کنزالعمال، ج ۳، ص ۴۸، رقم الحدیث ۵۷۰۷)

ہمارے مرشدِ کریم "نیک اعمال" کا رسالہ (Booklet) پُر کرنے والوں کے لیے دعا فرماتے ہیں کہ یا اللہ تعالی جو ہر ماہ تیری رضا کے لیے نیک اعمال پر عمل کر کے اس رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کر کے اپنے ذمہ دار کو جمع کروائے تو اس کے عمل میں استقامت عطا فرما اور اس کو اپنا مقبول بندہ بنا لے۔

آپ بھی نیت فرما لیجیے کہ روزانہ اعمال کا محاسبہ کرتے ہوئے اس رسالے میں دیئے گئے خانوں کو پُر کیا کروں گا کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! اَلْحَمْدُ للہ تعالی ! ہمارے مرشدِ کریم امیرِ اہلِ سنت نے اِس فتنوں والے دور میں آسانی سے نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل رسالہ (Booklet) ''نیک اعمال'' سوالات کی صورت میں عطا فرمایا ہے۔بے شمار اسلامی بھائی ،اسلامی بہنیں اور اسٹوڈنٹس''نیک اعمال''کے مطابق عمل کرکے روزانہ سونے سے پہلے ''اعمال کا محاسبہ ''یعنی A accountability کرکے رسالے میں دیئے گئے خانے پُر کرتے ہیں۔ ان نیک اعمال کو اپنا لینے کے بعد نیک بننے اور گناہوں سے بچنے کی راہ میں حائل رُکاوٹیں اللہ تعالیٰ کے فضل

و کرم سے دور ہوتی چلی جاتی ہیں اوراس کی برکت سے پابندِ سنّت بننے ،گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کرنے کا ذِہن بنتا ہے۔ہمیں بھی چاہیے کہ با کردار مسلمان (Practical Muslim) بننے کے لیے ''نیک اعمال کا رسالہ یعنی Book Let'' حاصل کریں اور روزانہ اعمال کا محاسبہ یعنی Accountability کرتے ہوئے اس میں دیئے گئے خانے پُر کریں اور ہر مہینے پہلے دس دن کے اندر اندر متعلقہ ذمہ دار Relevant Responsible Person کو جمع کروانے کا معمول بنالیں۔

نیت فرمالیجیے کہ روزانہ اعمال کا محاسبہ کرتے ہوئے اس رسالے میں دیئے گئے خانوں کو پُر کیا کروں گا کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی"۔

تیسری ترغیب:

دِلا غافل نہ ہو یک دم یہ دنیا چھوڑ جانا ہے باغیچے چھوڑ کر خالی زمیں اندر سمانا ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائی !آخرت کی تیاری کے لیے قبر و حشر کی یاد بہت ضروری ہے جب قیامت کے دن کی مشکلات ذہن میں ہوں گی تو قبر و حشر کی تیاری کا ذہن بنے گا۔آخرت کی تیاری کے لیے دعوتِ اسلامی کا دینی ماحول (Islamic Environment) اور رسالہ "نیک اَعمال "کے مطابق عمل کرنا بہت مفید (Beneficial) ہے۔مدَنی اِلتجا ہے کہ آپ بھی روزانہ کے اعمال کا محاسبہ Accountability کرنے اور ہر ماہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروانے کا معمول Routine بنالیجیے۔نیت فرمالیجیے اور کہیے ان شاء اللہ تعالی

تو ولی اُس کو بنالے اپنا ربِ لم یزل نیک اعمال پر کرتا ہے جو کوئی عمل

نیک اعمال ایپ اینڈرائیڈ	نیک اعمال ایپ ایپل / آئی فون
مکتبۃ المدینہ ای سٹور اینڈرائیڈ ایپ	نیک اعمال رسالہ خریدنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی ویب سائیٹ اور برانچز کا پتا

ڈونیشنز جمع کروانے کی ترغیبات

پہلی ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! راہِ خدا تعالی میں خرچ کرنے کی برکتوں کے تو کیا کہنے ہمارے بزرگ راہِ خدا تعالی میں انتہائی خوش دلی سے خرچ کیا کرتے تھے چنانچہ ایک بار امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لاکھ روپے تحفہ بھیجے۔ اُمّ المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نوکرانی کو حکم دیا ہزار فلاں کو دے آؤ، سو فلاں کو، یہاں تک کہ ایک پیسہ نہ رکھا اور خود حضرت اُم المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا روزہ تھا، کنیز نے عرض کی: حضور کا روزہ ہے اور گھر میں افطار کو بھی کچھ نہیں، فرمایا: پہلے سے کہتی تو کچھ رکھ لیا جاتا۔ ('إحیاء علوم الدین'' 'کتاب الفقر والزھد' ج۴، ص۲۴۵.)

دعوتِ اسلامی جو کہ 190 سے زائد ممالک میں 95 سے زائد شعبہ جات میں دینِ متین کی خدمت سرانجام دے رہی آپ بھی دین کی اِس عظیم الشان خدمت میں اپنا حصہ ملا سکتے ہیں تو نیت فرما لیجیے کہ اللہ تعالی نے جو توفیق اور استطاعت دی ہے اُس کے مطابق جتنا ہو سکا میں بھی دعوتِ اسلامی کے ساتھ خوب مالی تعاون کروں گا کہیے کہیے اِنْ شاءَ اللہ تعالی "

اس کے لیے آپ گھر میں ڈونیشن باکس بھی رکھ سکتے ہیں جس میں آپ حسبِ توفیق اپنا حصہ شامل کرتے رہیں اور مہینے کے آخر میں جمع کروا سکتے ہیں۔

دوسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! الحمدللہ ہمارے سامنے ہے کہ دعوتِ اسلامی اِس وقت کتنے اچھے انداز میں دینِ اسلام کی خدمت کے لیے کام کر رہی ہے۔ دیکھیے کہ ایک چھوٹا سا گھر بغیر آمدن کے نہیں چل سکتا تو اتنی بڑی تحریک بغیر پیسے کے کیسے چل سکتی ہے۔ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا" آخری زمانے میں دین کا کام بھی درہم و دینار سے چلے گا۔"

(کشف الخفاء حدیث ۳۲۶۹ دار لکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۳۶۶)

تو پیارے بھائی ! اگر اللہ تعالی نے آپ کو استطاعت عطا فرمائی ہے تو نیت فرما لیجیے کہ اللہ تعالی نے جو توفیق اور استطاعت دی ہے اُس کے مطابق جتنا ہو سکا میں بھی دعوتِ اسلامی کے ساتھ خوب مالی تعاون کروں گا کیجیے اِنۡ شاء اللہ تعالی"

اس کے لیے آپ گھر میں ڈونیشن باکس بھی رکھ سکتے ہیں جس میں آپ حسبِ توفیق اپنا حصہ شامل کرتے رہیں اور مہینے کے آخر میں جمع کروا سکتے ہیں۔

تیسری ترغیب:

پیارے اسلامی بھائی ! ہمارے رب تعالی نے اپنے فضل و کرم سے جو مال ہمیں عطا فرمایا ہے ہمیں چاہیے کہ اُسی مال میں سے اُسی کی راہ میں خرچ کریں اس کا بلا شبہ انتہائی اجر و ثواب ہے چنانچہ حدیث شریف میں آتا ہے (۱) بے شک مسلمان کا صدقہ عمر کو بڑھاتا ہے اور بُری موت کو روکتا ہے۔ (فردوس الاخبار، ج۲، ص۳۵، الحدیث ۳۵۷۸)

(۲) صدقہ ستّر قسم کی بلاؤں کو روکتا ہے جن میں سے سب سے آسان بلا، بدن بگڑنا اور جسم پر سفید داغ یعنی جلد کی ایک سخت بیماری ہے۔ (تاریخ البغداد، ج۸، ص۲۰۴)

تو پیارے بھائی ! عمر میں برکت اور بیماریوں سے حفاظت کے لیے ہمیں بھی اللہ پاک کی راہ میں خرچ کرنا چاہیے۔ اگر اللہ تعالی نے آپ کو مال و دولت عطا فرمایا ہے تو نیت فرما لیجیے کہ اللہ تعالی نے جو توفیق اور استطاعت دی ہے اُس کے مطابق جتنا ہو سکا میں بھی دعوتِ اسلامی کے ساتھ خوب مالی تعاون کروں گا کیجیے اِنۡ شاء اللہ تعالی"۔

اس کے لیے آپ گھر میں ڈونیشن باکس بھی رکھ سکتے ہیں جس میں آپ حسبِ توفیق اپنا حصہ شامل کرتے رہیں اور مہینے کے آخر میں جمع کروا سکتے ہیں۔

ماؤس کا رائیٹ کلک کر کے لنک کاپی کر سکتے ہیں۔

دعوتِ اسلامی کا تعارف	آن لائن ڈونیشنز کے لیے

گھریلو ڈونیشن باکس اینڈرائیڈ ایپ